# ٹریننگ Manual

http://www.amis.pk










محکمہ زراعت حکومت پنجاب نے زرعی اجناس کی مارکیٹنگ کے مسائل کو حل کرنے کے لیے ایگریکلچر مارکیٹنگ انفارمیشن سروس کے نام سے پراجیکٹ شروع کیا ہے۔ جو کسانوں، آڑھتیوں، برآمد کنندگان اور دوسرے اسٹیک ہولڈر وغیرہ کو مختلف خدمات مہیا کر رہا ہے جن میں سے چند درج ذیل ہیں۔

## ویب سائٹ:




اس سلسلہ میں محکمہ کی ویب سائٹ **http://www.amis.pk** قائم کی گئی ہے۔ پنجاب بھر کی غلہ، سبزی و فروٹ مارکیٹوں کو اس ویب سائٹ سے منسلک کر دیا گیا ہے۔ جہاں سے منڈی میں آنے والی تمام زرعی اجناس پھل اور سبزیات کی قیمتیں روزانہ اس ویب سائٹ پر درج کی جاتی ہیں جو کہ دنیا بھر میں دیکھی جا سکتی ہیں۔ خاص طور سے تمام کسانوں اور اسٹیک ہولڈر کو یہ قیمتیں ہمہ وقت دستیاب ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ ان تمام زرعی اجناس، پھل و سبزیات کے گزشتہ سالوں کے نرخ بھی اسی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ مزید برآں فصلوں کے زیر کاشت رقبہ، پیداوار و قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کی تفصیل، ماہانہ مارکیٹ راؤنڈ اپ، تحقیقاتی کتابچے وغیرہ بھی اسی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ مزید برآں کسانوں کو مختلف فصلوں کی گزشتہ سالوں کے دوران مقامی اور بین الاقوامی منڈیوں کے اتار چڑھاؤ، پیداوار میں تغیر اور منڈی کے مطلوبہ معیار کے بارے میں بھی آگاہی فراہم کی جاتی ہے۔




## ٹال فری نمبر:

اس سلسلہ میں تمام افراد جو زرعی شعبہ سے منسلک ہیں۔ وہ اپنی شکایات کے فوری ازالہ، اپنی فصل کی مارکیٹنگ اور منڈیوں کے تازہ نرخ کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے ٹال فری نمبر **0800-51111** پر صبح **8:00** تا دوپہر **3:00** بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ زرعی مارکیٹنگ کی بہتری کیلئے اپنی تجاویز سے آگاہ کر سکتے ہیں۔

## معلوماتی / تحقیقاتی کتابچے:

مختلف فصلوں کے بارے میں تفصیلی معلوماتی کتابچوں کی اشاعت کی جا رہی ہے جن میں ان فصلوں کی ملکی اور بین الاقوامی سطح پر اور فصلوں کا رقبہ، ان کی پیداوار، کھپت، برآمدات و درآمدات قیمتوں میں اُتار چڑھاؤ، غذائی اہمیت، پراسیسنگ، مارکیٹنگ چینل اور (**WTO**) عالمی تجارتی ادارہ کے حوالے سے ضروری تفصیل دی جاتی ہے اور ان کتابچوں کو کسانوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز میں تقسیم کیا جا رہا ہے۔



## الیکٹرانک ریٹ بورڈ کی تنصیب:

پنجاب کی بڑی منڈیوں میں الیکٹرانک ریٹ بورڈ نصب کئے جا چکے ہیں۔ جن میں مختلف منڈیوں کے نرخ زرعی مارکیٹنگ انفارمیشن سروس کے ڈیٹا بیس سے روزانہ کی بنیاد پر پیش کئے جا رہے ہیں تا کہ منڈی میں آنے والے کاشتکار قیمتوں کے متعلق معلومات حاصل کر سکیں۔ اس کے علاوہ منڈی میں ہونے والے اخراجات اور کمیشن کے نرخ بھی ان بورڈز پر باقاعدگی سے دکھائے جاتے ہیں۔




## سیمینارز اور ورکشاپس:

زرعی مارکیٹنگ انفارمیشن سروس کے زیر اہتمام مختلف موضوعات پر ضلعی سطح پر سیمینار اور ورکشاپس کا انعقاد کیا جاتا ہے۔

## زرعی مارکیٹنگ کے دفاتر:

صوبہ پنجاب میں ضلع کی سطح پر زرعی مارکیٹنگ کے دفاتر موجود ہیں۔ زرعی شعبہ سے متعلق اسٹیک ہولڈرز وہاں موجود ایکسٹرا اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت اور زراعت آفیسر معاشیات وتجارت سے مطلوبہ معلومات اور تجاویز حاصل کر رہے ہیں۔

## ٹریننگ:

پنجاب کی 135 مارکیٹ کمیٹیوں کے سٹاف کو منڈی میں زرعی اجناس، پھل اور سبزیات کے درست اور تازہ ترین نرخ اکھٹا کرنے، اُن کی پڑتال اور معیار کی جانچ کے بارے میں تربیت دی جا رہی ہے، ۔ جبکہ کاشتکار حضرات کو مارکیٹ انفارمیشن کے درست اور بہتر استعمال کے متعلق مشاورت اور ٹریننگ فراہم کی جا رہی ہے۔

## ماھانہ مارکیٹنگ راونڈاپ:

ماہانہ مارکیٹنگ راؤنڈاپ کی اشاعت جس میں ماہ رواں کی زرعی اجناس کی قیمتیں اور پرانی قیمتوں سے تقابلی جائزہ دیا جاتا ہے۔ تا کہ کسانوں کو ماہانہ بنیادوں پر تفصیل سے آگاہ کیا جا سکے۔ یہ راؤنڈاپ پنجاب بھر میں کسانوں کو مفت مہیا کئے جاتے ہیں اور متعلقہ مارکیٹ کمیٹیوں اور ویب سائٹ **http://www.amis.pk** پر بھی دستیاب ہیں۔



محکمہ زراعت حکومت پنجاب نے زرعی اجناس کی مارکیٹنگ کے مسائل کو حل کرنے کے لیے ایگریکلچر مارکیٹنگ انفارمیشن سروس کے نام سے پراجیکٹ شروع کیا ہے۔ جو کسانوں، آڑھتیوں، برآمد کنندگان اور دوسرے اسٹیک ہولڈر وغیرہ کو مختلف خدمات مہیا کر رہا ہے۔ جن میں سے چند درج ذیل ہیں۔

## ویب سائٹ:




اس سلسلہ میں محکمہ کی ویب سائٹ **http://www.amis.pk** قائم کی گئی ہے۔ پنجاب بھر کی غلہ، سبزی و فروٹ مارکیٹوں کو اس ویب سائٹ سے منسلک کر دیا گیا ہے۔ جہاں سے منڈی میں آنے والی تمام زرعی اجناس پھل اور سبزیات کی قیمتیں روزانہ اس ویب سائٹ پر درج کی جاتی ہیں جو کہ دنیا بھر میں دیکھی جا سکتی ہیں۔ خاص طور سے تمام کسانوں اور اسٹیک ہولڈر کو یہ قیمتیں ہمہ وقت دستیاب ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ ان تمام زرعی اجناس، پھل و سبزیات کے گزشتہ سالوں کے نرخ بھی اسی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ مزید برآں فصلوں کے زیر کاشت رقبہ، پیداوار و قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کی تفصیل، ماہانہ مارکیٹ راؤنڈ اپ، تحقیقاتی کتابچے وغیرہ بھی اسی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ مزید برآں کسانوں کو مختلف فصلوں کی گزشتہ سالوں کے دوران مقامی اور بین الاقوامی منڈیوں کے اتار چڑھاؤ، پیداوار میں تغیر اور منڈی کے مطلوبہ معیار کے بارے میں بھی آگاہی فراہم کی جاتی ہے۔




## ٹال فری نمبر:


اس سلسلہ میں تمام افراد جو زرعی شعبہ سے منسلک ہیں۔ وہ اپنی شکایات کے فوری ازالہ، اپنی فصل کی مارکیٹنگ اور منڈیوں کے تازہ نرخ کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے ٹال فری نمبر **0800-51111** پر صبح **8:00** تا دوپہر **3:00** بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ زرعی مارکیٹنگ کی بہتری کیلئے اپنی تجاویز سے آگاہ کر سکتے ہیں۔

## معلوماتی/تحقیقاتی کتابچے:

مختلف فصلوں کے بارے میں تفصیلی معلوماتی کتابچوں کی اشاعت کی جا رہی ہے جن میں ان فصلوں کی ملکی اور بین الاقوامی سطح پر اور فصلوں کا رقبہ، ان کی پیداوار، کھپت، برآمدات و درآمدات قیمتوں میں اُتار چڑھاؤ، غذائی اہمیت، پراسیسنگ، مارکیٹنگ چینل اور (**WTO**) عالمی تجارتی ادارہ کے حوالے سے ضروری تفصیل دی جاتی ہے اور ان کتابچوں کو کسانوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز میں تقسیم کیا جا رہا ہے۔




# Main Page of Website



## ویب سائیٹ پر ڈیٹا انٹری کا طریقہ:

1




a

1 انٹرنیٹ ایکسپلورر (ویب براؤزر) سے http://www.amis.pk کا ایڈریس دینے پر اوپر دی گئی سکرین (1) حاصل ہوگی۔ اس سکرین کے لنک (a) Enter prices پر کلک کریں جونہی آپ لنک پر کلک کریں گے آپ کو سکرین نمبر (2) حاصل ہوگی۔ سکرین (1) کے بارے میں مزید معلومات اگلے صفحات میں تفصیل سے دی گئی ہے۔

2





b

2 اس سکرین پر (b) میں اپنا username اور password دے کر sign in کے بٹن پر کلک کریں۔ آپ اپنے کمپیوٹر کو اپنا username اور password یاد رکھنے کیلئے بھی کہہ سکتے ہیں اس کے لئے remmember me next time کے ساتھ دیے گئے ڈبے (checkbox) پر کلک کریں سائن اِن کے بٹن پر کلک کرنے سے آپ کو سکرین نمبر 3 ملے گی۔

*نوٹ: پاس ورڈ یاد رکھنے کی آپشن کو کلک کرتے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ صرف اپنے ذاتی استعمال کے کمپیوٹر پر اس کو چیک کریں، کسی بھی پبلک کمپیوٹر یا نیٹ کیفے پر اس آپشن کو ہرگز چیک نہ کریں۔

3




**3** اس سکرین کو خاص طور سے ڈیٹا انٹری کیلیئے ڈائزائن کیا گیا ہے اس سکرین پر ہی آپ کو ریٹ انٹر کرنے ہوتے ہیں۔ اس میں بائیں ہاتھ پر پہلے کالم میں تمام Commodities کے نام دیے گئے ہیں مزید آسانی کیلیئے ان کو مختلف گروپس میں تقسیم کر دیا گیا ہے مثلاً Fruit,Vegetable,grain وغیرہ دوسرے سے لے کر (6) کالم میں مختلف Vendors سے لی گئی Auction نیلامی کی قیمتیں درج کرنی ہوتی ہیں۔ کوشش یہ کرنی چاہیے کہ زیادہ سے زیادہ Vendors کی قیمتیں دی جاسکیں کالم نمبر 7 میں اِسی Commodity کی منڈی میں فروخت ہونے والی مقدار دی جائے گی۔ اسی سکرین پر آپ کو 4 اور لنکس ملیں گے (c,d,e,f)، d نامی لنک سب سے اہم ہے۔ یہ Add Prices کا بٹن جسکو دباتے ہی اس فارم پر موجود تمام ڈیٹا محکمہ کے ڈیٹا بیس میں پہنچ جائے گا اور فوری طور پر ویب سائیٹ پر موجود ہوگا۔ یہ بٹن دبانے سے پہلے کم از کم ایک دفعہ اپنے ریٹس کو کنفرم ضرور کریں۔

لنک e پر کلک کریں آپ کو 4 نمبر سکرین حاصل ہوگی جس کی تفصیل نیچے دی گئی ہے:

4




**4** اس سکرین پر آپ کو آپ کے انٹر کردہ ریٹس نظر آئیں گے اور ہر Row کے شروع میں (h) اور (g) نامی لنکس (Edit,Delete) نظر آئیں گے۔ اس سکرین (4) میں آپ کے پاس یہ سہولت موجود ہے کہ آپ اپنے ڈیٹا کو جو غلط طور سے ڈیٹا بیس میں بھجوا دیا گیا ہو اُسکو Edit یا Delete کر سکتے ہیں۔ یہاں پر یہ بات نہایت اہم ہے کہ جس تاریخ کی قیمتیں ڈیٹا بیس میں بھجوائی گئی ہیں اسی تاریخ کے اندر ہی رات 12.00 سے پہلے پہلے آپ اپنے غلط ریٹ کو صحیح کر سکتے ہیں۔

لنک (f)(signout) پر کلک کرتے ہی آپ کا user یا مارکیٹ کمیٹی ویب سے signout ہو جائے گی۔ یہ دونوں سکرینیں

(3اور4) نہایت اہم ہیں ان کو اچھی طرح سے دیکھ لیں اور ان کے بارے میں مکمل معلومات رکھیں ۔جونہی آپ Addprices سکرین(3) لنک(d) پر کلک کریں گے آپ کو سکرین نمبر(5) ملے گی۔

5




5 سکرین نمبر 5 پر مندرجہ ذیل ( Thank you for entering today Prices) پیغام نظر آئے تو اسکا مطلب ہے کہ آپ کے انٹر کئے گئے ریٹ محکمہ کے ڈیٹا بیس /website میں پہنچ گئے ہیں۔اسی سکرین سے آپ لنک (Signout) پر کلک کر کے سائن آؤٹ ہو جائیں۔

6 سائن آؤٹ ہونے کے بعد اپنے اندراج کردہ ریٹس کو ویب سائٹ پر لازمی طور پر دیکھیں اور اسکا ایک عدد پرنٹ آؤٹ لے کر اپنے ریکارڈ میں رکھیں۔اگر کوئی قیمت صحیح کی گئی ہے تو اس تصحیح کے بعد دوبارہ پرنٹ لیں اور اپنے ریکارڈ میں رکھیں۔

7 ویب سائٹ پر اپنی اور دوسری مارکیٹیس کے ریٹ کا موازنہ بھی کریں۔ویب سائٹ کو استعمال کرنا اور اس پر سے معلومات لینے کے بارے میں تفصیلی ہدایات اگلے صفحات میں دی گئی ہیں.

یہ آپکے محکمہ کی ویب سائٹ کا مین (Main) پیج ہے۔اس سکرین میں مندرجہ ذیل لنکس اہم ہیں:




(a) یہ مین مینیو ہے (Main Menue) اس مینیو سے آپ محکمہ کی طرف سے دی گئی سروسز کے بارے میں معلومات لے سکتے ہیں۔مثلاً اس مینیو میں ماہانہ چھپنے والے روانڈ اپ دیکھے اور ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں (Market Round ups) مختلف فصلوں پر شائع کی جانے والی رپورٹس (Publication) کو دیکھا اور ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔اسی مینیو میں دوسری سروسز کے بارے میں بھی معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔مثلاً Export Markets,Storage,Food Processing وغیرہ کے بارے میں معلومات اس کے علاوہ Contacts کے لنک میں تمام مارکیٹ کمیٹیوں کے رابطہ نمبرز، EADA کے رابطہ نمبرز اور ہیڈ کوارٹر (Directorate) کے اسٹاف اور AMIS کے سٹاف کے رابطہ نمبرز موجود ہیں۔

**Agriculture Markets (Avg. Prices Of Commodities)**


| b | [Lahore] | [Faisalabad] | [Gujranwala] | [Sargodha] | [Multan] |
|---|---|---|---|---|---|
| Wheat | N/A | 1412 | 1488 | 1594 | 1612 |
| Rice Super | 4700 | 5000 | 4700 | 4281 | 5250 |
| Sugar | 2530 | 2535 | 2565 | 2540 | 2435 |
| Seed Cotton | N/A | N/A | N/A | N/A | 3531 |
| Maize | 1500 | 1400 | 1180 | 1312 | 1438 |

(b) Agriculture Marketing(Avg.Prices of Commodities) اس حصہ میں چند A کلاس مارکیٹ کی منتخب کردہ فصلوں کی اوسط قیمتیں دی جاتی ہیں ان فصلوں کو وقتاً فوقتاً موسم کے لحاظ سے تبدیل کر دیا جاتا ہے۔اسی حصہ میں دیے گئے شہروں کے نام اور فصلوں کے ناموں کو کلک کر کے ان فصلوں اور شہروں کی تفصیل بھی دیکھی جا سکتی ہے۔




(c) Price By City یہ لنک آپ کو تمام آن لائن مارکیٹ کمیٹیوں کی لسٹ مہیا کرتا ہے اِس لسٹ میں سے آپ کسی بھی مارکیٹ کو کلک کر کے اس کے موجودہ تاریخ کے ریٹس دیکھ سکتے ہیں۔پرانی تاریخوں کے ریٹس دیکھنے کے لئے سکرین نمبر 6 پر تفصیل دی گئی ہے۔


(d) Prices by commodity ٹھیک اوپر والا طریقہ استعمال کرتے ہوئے آپ اس لنک کو کلک کر کے ویب سائٹ پر موجود تمام فصلوں ( Commodities ) کی لسٹ دیکھ سکتے ہیں اور اس میں اپنی مرضی کی فصل پر کلک کر کے اس فصل کے متعلق تمام مارکیٹوں کے ریٹس ایک ہی جگہ پر ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ اس میں نوٹ کرنے کی بات یہ ہے کہ اس سکرین میں آپ کو انہی مارکیٹس کے ریٹس نظر آئینگے جن مارکیٹوں نے اس تاریخ کو ریٹس کو اپڈیٹ کیا ہوگا۔ پرانی تاریخوں کی قیمتیں دیکھنے کے طریقہ کار کے بارے میں تفصیل سکرین نمبر 6 پر دی گئی ہے۔




(e) AMIS Forum ویب سائٹ کے اس حصہ میں آپ اپنے سوالات، معلومات اور آراء کو پوسٹ کر سکتے ہیں یا دوسرے users کے سوالات کے جوابات دے سکتے ہیں۔ سوالات کے جوابات دینے یا اپنے سوالات و معلومات وغیرہ کو پوسٹ کرنے کے لئے آپ کو AMIS کی کمیونٹی کا ممبر بننا پڑتا ہے (یہ ممبرشپ مفت ہے)۔ اس کے لئے لنک (i) میں موجود (join) کے لنک کو کلک کریں۔ آپ کو سکرین نمبر 8 صفحہ نمبر 11 پر دی گئی ہے۔




(f) اس حصہ میں آپ کو مختلف منتخب کردہ شہروں کے موسم کا درجہ حرارت دیا گیا ہے۔ اس حصہ کو ہر تین گھنٹہ بعد اپ ڈیٹ کیا جاتا ہے۔




(g) اس حصہ میں آپ تفصیلی (Article) پوسٹ کر سکتے ہیں۔




(h) یہ حصہ خاص طور پر مارکیٹ کمیٹیوں کے لئے مختص ہے۔ اس لنک سے مارکیٹ کمیٹیاں اپنے روزانہ کے ریٹس انٹر کرتی ہیں اور (Market Profile) سے کوئی بھی کسی بھی مارکیٹ کے متعلق معلومات لے سکتے ہیں۔




(i) یہ حصہ کمیونٹی ممبرز کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اس سے آپ نئی ممبر شپ حاصل کر سکتے ہیں یا اگر آپ پہلے ہی سے ممبر ہیں تو اپنے اکاؤنٹ پر Signin ہو سکتے ہیں۔




(j) English کیونکہ یہ ایک (Bilingual) سائٹ ہے، یعنی کہ یہ ویب سائٹ دو زبانوں میں ہے (انگریزی اور اردو)۔ ویب سائٹ کے کسی بھی حصہ سے آپ English کے بٹن پر کلک کر کے Main صفحہ پر پہنچ سکتے ہیں۔

(k) اردو انگلش کے بٹن ہی کی طرح ایک بٹن ہے جس کو دبانے سے آپ اس ویب سائٹ کو اردو زبان میں بھی دیکھ سکتے ہیں۔ وہ تمام معلومات جو انگلش میں دستیاب ہیں اردو میں بھی دستیاب ہیں۔





(l) اس حصہ میں آپ محکمہ کے متعلق اور زراعت کے متعلق خبریں دیکھ اور پڑھ سکتے ہیں۔ اس حصہ میں آپ محکمہ کے متعلق اور زراعت کے متعلق خبریں دیکھ اور پڑھ سکتے ہیں۔




اس مینیو کو استعمال کر کے بھی آپ محکمہ کی ویب سائٹ پر دی گئی مختلف سروسز کے بارے میں معلومات لے سکتے ہیں، مثلا:

1. **About Us** محکمہ کے بارے میں معلومات
2. **Prices** قیمتوں کے حوالہ سے معلومات
3. **Weather** مختلف شہروں کے درجہ حرارت
4. **News** نئی اور پرانی خبریں
5. **Discussion** فورم میں پوسٹنگ وغیرہ

**6**




Search Prices پر کلک کرنے سے آپ کو اوپر دی گئی سکرین حاصل ہوگی۔ اس میں آپ مطلوبہ تاریخ دے کر مارکیٹ یا شہر کو سلیکٹ کر کے Show Prices کے بٹن پر کلک کرنے سے آپ کو متعلقہ تاریخ کی قیمتیں دستیاب ہونگی۔

# ڈسکشن فورم

## Discussions

**CottonGroup**

| Forums | Last Post | Threads | Posts |
|---|---|---|---|
| CottonForum | INTERNATIONAL POULTRY ... LastPostBy: Naveed Abid 2007-11-06 21:07 | 15 | 21 |

**WheatGroup**

| Forums | Last Post | Threads | Posts |
|---|---|---|---|
| | Updation of web | | |

# موسم

Current conditions for select cities

| City | Current | | City | Current | |
|---|---|---|---|---|---|
| Rahīmyār Khān | | 16°C | Sargodha | | 18°C |
| Karāchi | | 20°C | Nawābshāh | n/a | NA |
| Sāhīwāl | | 18°C | Sukkur | n/a | NA |
| Bahāwalpur | | 17°C | Jhang Sadar | | 18°C |
| Bannu | | 16°C | Multān | | 17°C |
| Mānsehra | | 14°C | Sujāwal | | 20°C |
| Hyderābād | | 20°C | Lārkāna | n/a | NA |
| Thatta | | 20°C | Peshāwar | | 16°C |

# پبلیکیشنز


## AMIS Publications

Here are some publications that will help you.



Cotton Publication

View pdf



Agri. Marketing

View pdf



Kinno Publicaton

View pdf



Onion

View pdf



Mango Publicaton




Potato

# راؤنڈاپ


## Agriculture Market RoundUps

Here are some roundups to follow that will help you .



August,2006

View pdf



December,2006

View pdf



September,2006

View pdf



February,2007

View pdf



October,2006



March,2007

# اردو


ایگری مارکیٹنگ انفارمیشن سروس - Windows Internet Explorer
http://www.amis.pk/Urdu/DefaultUrdu.aspx
File Edit View Favorites Tools Help
اے ایم آئی ایس
BETA
سائن ان , جائن
English | اردو
ہوم
بات چیت
خبریں
قیمتیں
موسم
سرچ
سروسز
پرائس فورکاسٹ
مارکیٹ راؤنڈ اپ
پبلیکیشنز
فوڈ پراسیسنگ
سٹوریج
پوسٹ ہارویسٹ پریکٹس
ایکسپورٹ مارکیٹ
انوسٹمنٹ آپشنز
کوالٹی سٹینڈرڈ
منڈیاں
خوش آمدید
مارکیٹوں کی اوسط قیمتیں
گجرانوالہ
فیصل آباد
لاہور
سرگودھا
ملتان
مکئی 1250 1463
چاول سپر 4800 5000
چینی 2430 2390
گندم 1513 1450
اے-ایم-آئی-ایس فورم پوسٹس
:WheatForum ...Updation of web site 28/11/2007 Naveed Abid
:WheatForum Importance of Agriculture Pricing as a part of an Efficicient Agriculture ...Marketing 20/11/2007 Naveed Abid
:WheatForum ...Updation of News at web sites 19/11/2007 Naveed Abid
:WheatForum Congratulations to the new team of ...Amis project 16/11/2007 Naveed Abid
قیمتیں دیکھیں
شہروں کے حوالے سے قیمتیں
فصلوں کے حوالے سے قیمتیں
خبریں
آم کی نئ منڈیوں کی تلاش
» مزید خبریں
Done
Internet
100%
Start
Manual
InPage - [Untitled-1]
CorelDRAW X3 - [C:\...
Desktop
12:48 PM

## اجناس کی قیمتوں کے متعلق معلومات اکٹھی کرنے کا طریقہ کار:

مارکیٹ کمیٹی کے سٹاف کی ذمہ داری ہے کہ وہ زرعی اجناس کی تھوک اور پرچون قیمتیں اکٹھی کرے اور کاروباری حضرات کو مہیا کرائے۔ مارکیٹ کمیٹی کو چاہیں کہ قیمتیں اکٹھی کرنے پر ماہر اور تجربہ کار سٹاف کی تعیناتی کرے۔

## تھوک قیمتیں:

- منڈی میں تھوک قیمتیں اکٹھی کرنے کیلئے مندرجہ ذیل طریقے اپنائے جانے چاہیئں۔
- مارکیٹ کمیٹی کے سٹاف کو منڈی میں زرعی اجناس کے فروخت کنندگان اور خریدکنندگان سے گفت وشنید کرنی چاہیے تاکہ اِن اجناس کی صحیح قیمتیں معلوم ہوسکیں۔
- قیمت کا تعین کرنے سے پہلے جنس کا وزن، ورائٹی اور قیمت فروخت کا اچھی طرح سے جائزہ لے لینا چاہیے اور وقتاً فوقتاً جنس کا وزن بھی کرتے رہنا چاہیے۔ بولی سے حاصل شدہ قیمتیں دیئے گئے گوشوارہ میں درج کریں اور یہی قیمتیں **Website** پر ڈالیں۔
- مارکیٹ کمیٹی کا سٹاف فروخت کنندہ اور خریدار کے درمیان خرید وفروخت کی ہونے والی کارروائی کا مشاہدہ کر کے زرعی اجناس کی قیمتیں اکٹھی کر سکتا ہے۔
- اجناس کی مناسب قیمتیں اکٹھی کرنے کیلئے زرعی اجناس کے پانچ مختلف فروخت کنندگان سے قیمتیں اکٹھی کی جانی چاہیے۔

اجناس کی قیمتوں کے متعلق معلومات کے بارے گوشوارہ میں قیمتوں کے علاوہ مندرجہ ذیل معلومات کا اندراج بھی کیا جائے

- مارکیٹ کمیٹی کا نام
- جنس کا نام بمعہ ورائٹی (اگر اطلاق ہو)

زرعی اجناس کی قیمتوں کے متعلق گوشوارے میں اجناس کو مختلف گروپوں یعنی سبزیات اور پھل میں تقسیم کیا جائے۔

- زرعی اجناس کی فروخت کے لیے گوشوارہ میں دیے گئے یونٹ (اکائی) کے مطابق قیمتوں کا اندراج کریں۔
- زرعی جنس کے ہر فروخت کنندہ سے لی گئی قیمتیں زرعی اجناس کی تھوک قیمتوں کے متعلق گوشوارے میں علیحدہ علیحدہ کالم میں لکھی جائیں۔
- گوشوارہ میں زرعی اجناس کیلئے معلومات اکٹھی کرنے کا وقت اور دِن بھی تحریر کیا جائے۔
- جس مارکیٹ کمیٹی کے نمائندہ نے منڈی سے زرعی اجناس کی قیمتیں اکٹھی کیں گوشوارہ پر اُس کا نام اور دستخط موجود ہونے چاہیں۔

- زرعی اجناس کی قیمتوں کے متعلق معلومات اکٹھی کرنے کے اوقات بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔منڈی سے قیمتیں ایسے اوقات میں اکٹھی کی جائیں جب منڈی میں اجناس کی بہت زیادہ تجارت ہو رہی ہو یا بہت زیادہ اجناس تجارت کیلئے منڈی میں موجود ہو۔ بہت زیادہ گھٹیا اور بہت زیادہ بہتر معیار کی اجناس جو کہ منڈی میں بہت ہی قلیل مقدار میں مہیا ہوں ایسی اجناس کی قیمتوں کا اندراج نہ کیا جائے بلکہ منڈی میں زیادہ مقدار میں آنے والی معیاری اجناس کی قیمتوں کا تعین کرنا چاہیے۔

## پرچون قیمتیں:

زرعی اجناس کی پرچون قیمتوں کیلئے مارکیٹ کمیٹی کا سٹاف مختلف زرعی اجناس سے متعلق پہلے سے موجود ہدایات اور دی گئی شرح کے مطابق پرچون قیمتیں تیار کرے۔

## اجناس کی منڈی میں آمد کے متعلق معلومات:

منڈی میں زرعی اجناس کی آمد کا مکمل تخمینہ لگانے کے لیے منڈی کے گیٹ سے داخل ہونے والی تمام اجناس کا جائزہ لیا جائے اور ان کا ریکارڈ مرتب کیا جائے۔ اس مقصد کے لیے مارکیٹ کمیٹی کو منڈی میں داخل ہونے والے تمام راستوں پر مکمل کنٹرول ہونا چاہیے تا کہ منڈی میں داخل ہونے والی تمام اجناس ریکارڈ کی جاسکیں۔ مارکیٹ کمیٹی اس ضمن میں نہایت تجربہ کار اور تربیت یافتہ اہلکاروں کی ڈیوٹی منڈی میں داخل ہونے والے راستوں پر لگائے تا کہ منڈی میں آنے والی تمام اجناس کا مکمل طور پر جائزہ لیا جاسکے اور اس کے متعلق مکمل ریکارڈ مرتب کیا جاسکے۔ منڈی میں اجناس کی آمد کے متعلق معلومات منڈی کھلنے کے ساتھ ہی اکٹھی کرنی شروع کر دینی چاہیں یہ کاروائی سارا دن جاری رہنی چاہیے جیسے جیسے سارا دن اجناس منڈی میں آئیں ان کا ریکارڈ مرتب ہوتے رہنا چاہیے۔ گاڑی پر لدی ہوئی اجناس کے وزن کے متعلق مارکیٹ کمیٹی کا عملہ اس قدر تجربہ کار اور تربیت یافتہ ہو کہ گاڑی پر لدی ہوئی جنس کو دیکھنے سے ہی اس کے وزن کا اندازہ کر لے مزید برآں گاڑی کے ڈرائیور سے بھی جنس کے وزن کے متعلق معلومات فائدہ مند ثابت ہوسکتی ہیں۔ منڈی میں جنس کی آمد کا تخمینہ منڈی میں موجود جنس کو دیکھ کر بھی کیا جاسکتا ہے۔

# Commodity List (Data Entry Form)

http://www.amis.pk

| Sr # | Commodity Name | Vendor 0 | Vendor 1 | Vendor 2 | Vendor 3 | Vendor 4 | Quantity |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Apple (Ammre) | | | | | | |
| 2 | Apple (Golden) | | | | | | |
| 3 | Apple (Kala Kullu) | | | | | | |
| 4 | Banana(DOZENS) | | | | | | |
| 5 | Banola Cake | | | | | | |
| 6 | Dry Fodder | | | | | | |
| 7 | Grapes | | | | | | |
| 8 | Guava | | | | | | |
| 9 | Kinnow (100Pcs) | | | | | | |
| 10 | Mango(Chounsa) | | | | | | |
| 11 | Mango(Desahri/Ratol) | | | | | | |
| 12 | Mango(Sindhri) | | | | | | |
| 13 | Orange | | | | | | |
| 14 | Pomegranate | | | | | | |
| 15 | Banola | | | | | | |
| 16 | Gram Black | | | | | | |
| 17 | Gram Pulse | | | | | | |
| 18 | Gram White | | | | | | |
| 19 | Green Fodder | | | | | | |
| 20 | Lentil | | | | | | |
| 21 | Lentil Pulse | | | | | | |
| 22 | Maize | | | | | | |
| 23 | Mash | | | | | | |
| 24 | Mash Pulse | | | | | | |
| 25 | Millet | | | | | | |
| 26 | Moong | | | | | | |
| 27 | Moong Pulse | | | | | | |
| 28 | Paddy (IRRI) | | | | | | |
| 29 | Paddy Basmati | | | | | | |
| 30 | RapeSeed (Torya) | | | | | | |
| 31 | Red Chilli | | | | | | |
| 32 | Rice (IRRI) | | | | | | |
| 33 | Rice Basmati | | | | | | |
| 34 | Rice Super | | | | | | |
| 35 | Seed Cotton | | | | | | |
| 36 | Sorghum | | | | | | |
| 37 | Sugar | | | | | | |
| 38 | Wheat | | | | | | |
| 39 | Wheat Straw | | | | | | |
| 40 | Bitter Gourd | | | | | | |
| 41 | Brinjal | | | | | | |
| 42 | Carrot | | | | | | |
| 43 | Cauliflower | | | | | | |
| 44 | Garlic | | | | | | |
| 45 | Ginger | | | | | | |
| 46 | Lady Finger | | | | | | |
| 47 | Onion | | | | | | |
| 48 | Peas | | | | | | |
| 49 | Potato Fresh | | | | | | |
| 50 | Potato Store | | | | | | |
| 51 | Pumpkin | | | | | | |
| 52 | Radish | | | | | | |
| 53 | Spinach | | | | | | |
| 54 | Tinda | | | | | | |
| 55 | Tomatto | | | | | | |
| 56 | Turnip | | | | | | |

* اس فارم پر 100 کلوگرام کی قیمتوں کا اندراج کیا جائے۔

# زرعی مارکیٹنگ انفارمیشن سروس کی

## اہم خدمات:

ویب سائٹ **www.amis.pk** کا قیام

---

تحقیقاتی رپورٹیں، معلوماتی کتابچے اور ہینڈ آؤٹس

---

سیمینار اور ورکشاپس

---

کسانوں، تاجروں اور سٹاف کی ٹریننگ

---

زرعی منڈیوں میں الیکٹرانک ریٹ بورڈ کی تنصیب

---

ٹال فری فون نمبر **0800-51111**


**ایگریکلچر مارکیٹنگ انفارمیشن سروس**

نظامت زراعت (معاشیات وتجارت) پنجاب

21- ڈیوس روڈ، لاہور۔ فون: 042-9201094, 9200754